پروٹوکولز کی خلاف ورزی پر فیصل آفریدی کو 5 میچز کے لیے معطل کر دیا گیا

کراچی، 2 فروری 2022ء:

پی سی بی کے ایلیٹ پینل میں شامل امپائر فیصل خان آفریدی کو ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے لیے بنائے گئے حفاظتی پروٹوکولز کی خلاف ورزی کرنے پر پانچ میچز کے لیے معطل کر دیا گیا ہے۔

ان پر میچ فیس کا پچاس فیصد جرمانہ بھی عائد کیا گیا ہے۔

سلمان نصیر، سی او او پی سی بی:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیف آپریٹنگ آفیسر سلمان نصیر کا کہنا ہے کہ پی سی بی نے ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے لیے بنائے گئے حفاظتی پروٹوکولز کی خلاف ورزی پر زیرو ٹولیرنس پالیسی اپنا رکھی ہے۔ اس اقدام سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ تمام شرکاء کی صحت اور حفاظت کو اولین ترجیح دیتے ہوئے ایک کامیاب ایونٹ کے انعقاد کو یقینی بنانا چاہتے ہیں۔

فیصل خان آفریدی نے اپنے جرم کا اعتراف کرتے ہوئے اس پر معذرت کی ہے۔ وہ دس فروری سے لاہور میں شروع ہونے والے لیگ کے دوسرے مرحلے میں دوبارہ جوائن کرلیں گے۔

یہ فیصلہ پی سی بی کی کوویڈ کمیٹی نے کیا ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager
Media and Communications

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4